المنار

بسم الله الرحمن الرحيم

ارشاد نبوی

عن انس قال قال رسول الله صلی الله علیه و سلم والذی نفسی بیده لایومن احدکم حتی یحب لاخیه ما یحب لنفسه -
(بخاری)

(ترجمہ) انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم فرماتے تھے .. کہ مجھے اس ذات کی قسم ہے جس کے ہاتھ میں میری جان ہے کہ تم میں سے کوئی شخص سچا مومن نہیں سمجھا جا سکتا جب تک کہ وہ اپنے بھائی کے لئے وہی بات پسند نہیں کرتا جو وہ اپنے لئے پسند کرتا ہے -

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

روشنی اور بلندی کا نشان

المنار

جلد (۳) شمارہ (۴)

تعلیم الاسلام کالج لاہور

مدیر اعلیٰ
شیخ محبوب عالم خالد
بی اے (آنرز) ایم اے

مدیران
بشیر احمد رفیق
عبداللطیف

فروری ۱۹۵۳ء

فہرست

عنوان	مضمون نگار	صفحہ
اداریہ	م-ع-خ	۲
حدیث	صاحبزادہ مرزا بشیر احمد ایم اے	۴
قائد اعظم کا ارشاد		۵
اسلام کا نظریۂ مساوات	رفیق احمد ثاقب	۶
تابوت کا دانہ	سمیع اللہ قریشی	۸
کروچے کا نظریۂ فن	عبداللطیف	۹
میں ایک طالب علم ہوں	محمد بشارت اللہ	۱۱
طلبہ سے خطاب	قائد اعظمؒ	۱۲
ایک مشاعرہ	کرامت اللہ	۱۳
غزل	قاصد طریف	۱۵
کوہ مری	محمد ذکریا طاہر	۱۵
مرزا غالب کے کلام میں شوخی و ظرافت	کرامت اللہ	۱۶

(پبلشر جنید ہاشمی نے دستکاری پریس لاہور سے چھپوا کر شائع کیا)

م - ع - خ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ادار یہ

المنار کا مسلک بیان کرتے ہوئے ہم فروری مارچ ۱۹۵۲ء کے شمارہ میں لکھا تھا :-

"ملک کے اطراف و جوانب سے سیاسی، ادبی، علمی اور تفریحی ہر نوع کے رسائل شائع ہوتے ہیں۔ ان میں سے بعض کا مطمح نظر مخصوص سیاسی نظریوں کی اشاعت و ترویج ہے۔ بعض کا مقصود علم و ادب کی خدمت اور بعض محض تفریح طبع کی غرض سے شائع ہوتے ہیں۔ تعلیمی اداروں سے جو ماہنامے منسوب ہیں ان میں سے بھی بعض علمی و ادبی اور بعض محض تفریحی ہیں۔ **المنار** کو ان میں سے کونسا مسلک اختیار کرنا چاہیے، ادارۂ **المنار** کے لئے یہ ایک اہم سوال تھا۔ اور کسی نتیجہ پر پہنچنے کے لئے اسے ہر پہلو پر غور کرنا تھا۔ طبعیات اور کیمیا۔ ریاضی اور اقتصادیات۔ فلسفہ اور تاریخ وغیرہ مضامین پر گھنٹوں دماغ سوزی کے بعد تھکے ماندے جسموں اور پژمردہ ذہنوں کے لئے چند لمحوں کی تفریح **المنار** اپنا منتہا قرار دے یا اس سے بلند تر مقصد ـــــ سنجیدہ منظری اور سنجیدہ نگاری جو قارئین **المنار** کی ذہنی صلاحیتوں کو جلا دے اور انھیں بروئے کار لائے۔ مقدم الذکر مقصد میں ہمیں کوئی جاذبیت نظر نہ آئی۔ اس لئے کہ اس کی افادیت آنی و وقتی ہے۔ اس لئے ہم نے مؤخر الذکر مسلک اختیار کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ ایک تعلیمی ادارے سے منسوب ہونے والا ماہنامہ ہمارے نزدیک معیاری ہونا چاہیے۔ جو سنجیدہ نگاری کا مرقع اور علمی تحقیق و تجسس کا حامل ہو۔ اس لحاظ سے اسے تجارتی رسائل سے ممیز ہونا چاہیے۔ پھر اس ماہنامہ کے لئے جو تعلیم الاسلام کالج سے منسوب ہو۔ اس کے علاوہ بعض اور امتیازات کا حامل ہونا بھی ضروری ہے۔

تعلیم الاسلام کالج ایک اہم مقصد کے لئے معرض وجود میں آیا ہے ـــــ جدید علوم کی ترویج و تعلیم ـــــ اسلامی نظریات کے پس منظر میں ـــــ مقصد عالی اور منزل کٹھن ہے جو سعی پیہم اور جہد مسلسل کی مقتضی ہے اس لئے ضروری ہے کہ تعلیم الاسلام کالج کا ماہنامہ اسی مقصد کو پیش نظر رکھے اور معیاری ہونے کے علاوہ جدید علوم اور اسلامی نظریات کا آئینہ دار ہو۔"

عشق و محبت کے افسانوں کی خوگر طبائع پر یہ امر ابتداءً ناگوار گزرا بعض حلقوں سے اس پر صدائے احتجاج بھی بلند کی گئی۔ مگر **المنار** اپنے مسلک سے سرِمو انحراف پر آمادہ نہ ہوا۔ وہ اپنی منزل مقصود کی طرف دھیرے دھیرے بڑھتا چلا گیا۔

المنار جلد ۳ کی گزشتہ اشاعتوں میں جہاں ایک طرف "خدا تعالےٰ اپنے بندوں کی دعائیں سنتا ہے" ـــ "جذبۂ عشق حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات بابرکات پر فدائیوں اور ان کے ہمنواؤں کے اعتراضات کی حقیقت" ـــ "مسلمان عورت کا انداز گفتگو اور لباس" ـــ "تاریخ اسلام کے متعلق بعض اصولی نظریے" اور "مکتوبات نبوی صلعم پر ایک نظر" ـــ وغیرہ مذہبی مضامین شائع ہوئے۔ وہاں دوسری طرف "اردو کی ابتدا کا مسئلہ" "شیکسپیئر ـــ جولیس سیزر میں" ـــ "بچوں کی نفسیات" ـــ "عرب ـــ اسلام سے قبل" ـــ "حالی کی تنقید نگاری" ـــ "اردو تنقید پر ایک نظر" ـــ "شیلے اور اس کی شاعری" ـــ "ترقی پسند شاعری" اور "اصول تنقید" وغیرہ علمی مضامین بھی شائع ہوئے۔ **المنار** کے زیر نظر شمارہ کے مطالعہ سے یہ امر واضح ہو جائے گا کہ اب طلبہ کا سنجیدہ طبقہ سنجیدہ نگاری کی طرف بسرعت راغب ہے ـــ چنانچہ یہ شمارہ اکثر و بیشتر طلبہ ہی کے مضامین پر مشتمل ہے۔ اسلام کا نظریۂ مساوات

"کروچے کا نظریۂ فن" — "غالب کی شوخی و ظرافت" انہی کی کاوشِ ذہنی کے خوش کن نتائج ہیں۔ ہمیں توقع ہے کہ اگر طلبۂ المنار نے اسی دلبستگی کا ثبوت دیتے رہے تو انشاء اللہ العزیز یہ صحیح معنیٰ میں "سنجیدہ نگاری کا مرقع" اور "علمی تحقیق و تجسس کا حامل" ثابت ہوگا۔

● ● ● ● ●

المنار کے شمارہ مئی جون ۱۹۵۲ء میں مزاح کے زیرِ عنوان ہم نے لکھا تھا:

"مزاح کشمکشِ حیات کی گوناگوں صعوبتوں کے احساس کو کم سے کم ایک حد تک محو کر دیتا اور اسی طرح ان تلخیوں کو ہمارے لیے قابلِ برداشت بنا دیتا ہے۔ چنانچہ بعض اوقات حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھی خوش طبعی فرما لیا کرتے تھے ....

المنار میں ایک حد تک مزاحیہ مضامین کی بھی گنجائش ہے۔ بشرطیکہ مزاح بے ضرر ہو جس سے کسی کے دل کو ٹھیس نہ لگے۔ نیز حقیقت پر مبنی ہو کہ جھوٹ بہر صورت ناپسندیدہ امر ہے، خواہ اس سے مقصد خوش طبعی ہی ہو۔ المنار اپنے تئیں جھوٹ کی اشاعت کے لیے تیار نہیں پاتا۔"

المنار کے زیرِ نظر شمارہ میں "میں ایک طالب علم ہوں"۔ اور "ایک مشاعرہ" ایسی مزاحیہ تخلیقات بھی شامل ہیں۔ جن میں مندرجہ بالا امور کے علاوہ افادیت کا پہلو بھی ملحوظ ہے۔ "میں ایک طالب علم ہوں" میں طنزیہ انداز میں کالجوں کے طلبہ کی روزمرہ زندگی کی عکاسی کی گئی ہے۔ اور "ایک مشاعرہ" میں رائج الوقت مشاعروں پر مزاحیہ انداز میں تنقید۔

● ● ● ● ●

اشاعتِ آئندہ سے جلد نمبر ۴ کا آغاز ہوگا۔ انشاء اللہ۔ جلد سوم کی تکمیل عبد اللطیف۔ بشیر احمد رفیق۔ جنید ہاشمی۔ رفیق احمد ثاقب۔ احمد بشارت اللہ۔ سمیع اللہ قریشی۔ سعد درانی۔ پروفیسر بشارت الرحمٰن۔ پروفیسر عبد العزیز اور مولانا غلام احمد کی مرہونِ منت ہے۔ جزاھم اللہ احسن الجزاء۔

● ● ● ● ●

ہمیں مسرت ہے کہ علمی طبقہ المنار کی سنجیدہ نگاری کو بنظرِ استحسان دیکھتا ہے۔ چنانچہ ہمیں ڈاکٹر ابواللیث صدیقی ایم اے پی ایچ ڈی سینئر لیکچرار شعبۂ اردو پنجاب یونیورسٹی کا اس سلسلہ میں ایک مکتوب موصول ہوا ہے جس میں آپ نے تحریر فرمایا ہے:

"بعض مضامین نہایت مفید اور دلچسپ ہیں ...... بحیثیتِ مجموعی رسالہ ایک کالج کے طالب علموں کا اچھا رسالہ ہے۔"

آپ نے یہ بھی فرمایا ہے کہ:

"نظموں کا حصہ کچھ ہلکا ہے۔"

اس سے ہمیں بکلّی اتفاق ہے۔ مگر ہمیں یقین ہے کہ اگر طلبہ و اساتذہ اس خامی کو دور کرنے میں بھی ادارۂ المنار سے تعاون فرمائیں تو کوئی وجہ نہیں کہ المنار میں یہ خامی باقی رہے۔

● ● ● ● ●

بقیہ "میرزا غالب" صفحہ ۱۶ سے آگے۔

بقیہ "میرزا غالب" صفحہ ۱۶ سے آگے۔

مزید برآں ؎

ان پری زادوں سے لیں گے خلد میں ہم انتقام
قدرتِ حق سے یہی حوریں اگر واں ہو گئیں

اس شوخی اور ظرافت کے طرزِ بیان نے آپکے کلام پہ "سونے پر سہاگہ" کا کام کیا اسی طرح وہ چاند پر بھی چوٹ کرنے سے باز نہیں رہے ؎

شاید کہ مر گیا ترا رخسار دیکھ کر
پیمانہ رات ماہ کا لبریز نور تھا

گو ظرافت اکبر الہ آبادی اور علامہ اقبال جیسے شاعروں کی بھی مرہونِ منت ہے۔ مگر مندرجہ ذیل شعر تو بالکل میرزا کی شاعری ہی پر چسپاں ہوتا ہے ؎

ہیں اور بھی دنیا میں سخنور بہت اچھے
کہتے ہیں کہ غالب کا ہے اندازِ بیاں اور

صاحبزادہ مرزا بشیر احمد
ایم اے

حدیث

حدیث ایک عربی لفظ ہے۔ جس کے بنیادی معنی ایسی نئی بات کے ہیں۔ جو یا تو بالکل ہی نئی ہو یا نئے انداز میں پیش کی گئی ہو۔ چونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا کلام بھی نئے اور بیش بہا حقائق پر مشتمل ہے اس لئے اس کا نام اصطلاحاً **حدیث** رکھا گیا ہے۔ پس حدیث اس مقدس کلام کا نام ہے جو ہمارے آقا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم (فداہ نفسی) کی زبان مبارک سے نکلا جس میں آپ کی پاکیزہ زندگی کا عملی چشم دید واقعہ بیان کیا گیا۔ اور پھر آپ کے صحابہ اور بعدہٗ مسلمان راویوں کے ذریعہ وہ کچھ عرصہ کے بعد تحریر میں لا کر محفوظ کر لیا گیا۔ عربوں کا حافظہ جیسا کہ عیسائی مؤرخوں تک نے برملا تسلیم کیا ہے۔ غیر معمولی طور پر عمدہ تھا۔ اور جو بات بھی وہ سنتے۔ یاد رکھتے تھے۔ اسے بڑی حفاظت کے ساتھ یاد رکھتے تھے۔ اور چونکہ حدیث ایک مقدس دینی علم ہے۔ اس لئے اس معاملہ میں خصوصیت کے ساتھ بڑی احتیاط اور بڑی امانت اور بڑی دیانت سے کام لیا گیا۔ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث کو غیر معمولی حفاظت کے ساتھ پیچھے آنے والی نسلوں تک پہنچایا گیا۔ بیشک بعض راوی حافظہ اور سمجھ اور دیانت کے لحاظ سے ایسے پکے نہیں تھے کہ ان کی روایتوں پر پورا اعتماد کیا جا سکے۔ مگر حدیث جمع کرنے والے بزرگوں نے ایسے پختہ اصول مقرر کر دیئے ہیں کہ ان کے ذریعہ مناسب چھان بین کے ساتھ صحیح حدیثوں کو کمزور حدیثوں سے الگ کیا جا سکتا ہے۔

حدیث بیان کرنے کا طریق

حدیث بیان کرنے کا طریق عموماً یہ ہوتا تھا کہ جس صحابی نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک سے کوئی بات سنی ہوتی تھی۔ یا آپ کو کوئی کام کرتے دیکھا ہوتا تھا۔ تو وہ اسے اشاعت علم کی غرض سے ایسے لوگوں تک پہنچاتا تھا۔ جنہوں نے یہ بات نہیں سنی۔ یا نہیں دیکھی تھی۔ یا جنہوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا مبارک زمانہ نہیں پایا ہوتا تھا۔ اور حدیث بیان کرنے کے الفاظ عموماً اس قسم کے ہوتے تھے۔ کہ میں نے فلاں شخص سے یہ بات سنی ہے کہ اس نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے فلاں بات سنا۔ کہ اس نے فلاں موقعہ پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو یوں ارشاد فرماتے ہوئے سنا۔ یا یہ کام کرتے ہوئے دیکھا کہ .... اور پھر یہ لوگ اسی طریق پر ایمان تازہ کرنے کی غرض سے یا اشاعت علم کی غرض سے دوسرے لوگوں تک روایت پہنچاتے چلے جاتے تھے۔ اور اس طرح راویوں کے مسلسل اور باقاعدہ سلسلہ کے ذریعہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث بعد میں آنے والوں کے ذریعہ محفوظ ہو گئیں۔

راویوں کے طبقات

حدیث کے راوی کئی طبقات میں منقسم ہیں۔ سب سے اوپر کا مسلمان راوی جس نے کوئی بات براہ راست آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے منہ سے سنی ہو۔ یا آپ کو کوئی کام کرتے ہوئے خود اپنی آنکھوں سے دیکھا ہو۔ **صحابی** کہلاتا ہے۔ اس کے نیچے کا راوی جو صحابی سے سن کر آگے روایت کرتا ہے۔ محدثین کی اصطلاح میں **تابعی** کہلاتا ہے اور اس سے نیچے کا راوی **تبع تابعی** کہلاتا ہے۔ اور اس کے بعد عام راویوں کا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے۔ اسی طرح حافظہ اور سمجھ اور دیانت کے لحاظ سے بھی راویوں کے مختلف طبقات سمجھے جاتے ہیں۔

حدیث کی مشہور کتابیں

حدیث کی روائتیں عموماً دوسری صدی ہجری کے وسط سے لے کر تیسری صدی ہجری کے آخر تک جمع ہوکر کتابی صورتوں میں مرتب کرلی گئی تھیں۔ حدیث کی کتابیں یوں تو بہت ہیں۔ مگر ان میں سے چھ کتابیں خاص طور پر زیادہ صحیح اور زیادہ مستند سمجھی جاتی ہیں۔ اس لئے ان چھ کتابوں کا نام **صحاح ستہ** (یعنی حدیث کی چھ صحیح کتابیں) مشہور ہوگیا۔ ان چھ کتابوں کے نام یہ ہیں :

(۱) **صحیح بخاری** : مرتبہ امام محمد بن اسماعیل البخاری (ولادت ۱۹۴ھ وفات ۲۵۶ھ) امام بخاری کی یہ کتاب حدیث کی تمام کتابوں میں سب سے زیادہ صحیح اور سب سے زیادہ مستند سمجھی جاتی ہے۔ اور امام بخاری کا ذاتی مقام بھی مسلمہ طور پر سب محدثین میں بالا سمجھا گیا ہے۔ اسی لئے صحیح بخاری کا نام اَصَحُّ الکتب بعد کتاب اللہ (یعنی کتاب اللہ کے بعد سب سے زیادہ صحیح کتاب) مشہور ہوگیا ہے۔

(۲) **صحیح مسلم** : مرتبہ امام مسلم بن الحجاج النیشاپوری (ولادت ۲۰۴ھ وفات ۲۶۱ھ) ان کی کتاب صحاح ستہ میں دوسرے نمبر پر شمار ہوتی ہے۔ اور نہایت عمدہ اور قابلِ اعتماد مجموعہ سمجھی گئی ہے اکثر محدثین صحیح بخاری اور صحیح مسلم کو ملا کر صحیحین (یعنی حدیث کی دو صحیح ترین کتابیں) کا نام دیتے ہیں۔

(۳) **جامع ترمذی** : مرتبہ امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ الترمذی (ولادت ۲۰۹ھ وفات ۲۷۹ھ) یہ امام بخاری کے شاگرد تھے۔ ان کا مجموعہ احادیث بھی نہایت اعلیٰ مقام پر مانا گیا ہے۔

(۴) **سنن ابوداؤد** : مرتبہ امام ابوداؤد سلیمان بن الاشعث السجستانی (ولادت ۲۰۲ھ وفات ۲۷۵ھ) فقہی مسائل کی تدوین میں انہیں بہت ارفع مقام حاصل ہے۔ مگر اس بارے میں محققین میں اختلاف ہے کہ جامع ترمذی اور سنن ابوداؤد میں سے کس کا مقام زیادہ بلند ہے۔

(۵) **سنن النسائی** : مرتبہ امام بن شعیب النسائی (ولادت ۲۱۵ھ وفات ۳۰۶ھ) امام نسائی بھی حدیث کے بڑے ائمہ میں سے ہیں۔ اور ان کی کتاب کا درجہ صحاح ستہ میں عموماً پانچویں نمبر پر مانا گیا ہے۔

(۶) **سنن ابن ماجہ** : مرتبہ امام محمد بن یزید ابن ماجہ القزوینی (ولادت ۲۰۹ھ وفات ۲۷۳ھ) یہ کتاب صحاح ستہ میں چھٹے یعنی آخری نمبر پر سمجھی جاتی ہے۔ سنن ابن ماجہ بھی حقیقتاً ایک عمدہ کتاب ہے۔

ان جملہ محدثین نے صحیح حدیثوں کی تلاش اور چھان بین میں اپنی عمریں خرچ کرکے لاکھوں حدیثوں کے ذخیرہ میں سے اپنے مجموعوں کا انتخاب تیار کیا ہے۔ لاریب تمام عالم اسلامی کو ان بزرگوں کا دلی شکر گزار ہونا چاہیئے۔

وجزاھم اللہ احسن الجزاء

اوپر کی چھ مشہور کتابوں کے علاوہ حدیث کی مندرجہ ذیل دو کتابیں بھی بہت مشہور ہیں۔

۱۔ **موطا** : مرتبہ امام مالک ابن انس المدنی۔

۲۔ **مسند** امام احمد بن حنبل البغدادی

(باقی باقی)

(ماخوذ از "چالیس جواہر پارے")

قائدِ اعظم کا ارشاد

"اگر آپ لوگ باہمی تعاون سے کام کریں۔ ماضی کو بھول جائیں۔ اور گذشتہ راصلوات پر عمل کریں۔ تو یقیناً کامیاب ہوں گے۔ اگر آپ مل جل کر اس جذبہ کے تحت کام کریں کہ ہر شخص خواہ کسی فرقہ سے تعلق رکھتا ہو ماضی میں آپ کے تعلقات ایک دوسرے سے خواہ کیسے ہی رہے ہوں اس کا رنگ نسل۔ مذہب کچھ ہی ہو۔ اولاً۔ ثانیاً۔ آخراً اسی مملکت کا شہری ہے اس کے حقوق مراعات اور ذمہ داریاں مساوی اور یکساں ہیں تو ہم بے حد ترقی کریں گے۔ ہمیں اس جذبہ کے تحت کام شروع کردینا چاہیئے۔ پھر رفتہ رفتہ اکثریت اور اقلیت کے مسلمان فرقہ اور ہندو فرقہ کے تمام اختلافات مٹ جائیں گے۔"

(مجلس دستور ساز پاکستان)

رفیق احمد ثاقب

اسلام کا نظریۂ مساوات

مساوات کے متعلق کسی نظریہ کو ہم دو حصوں میں تقسیم کر سکتے ہیں :
اوّل عام انسانی حقوق میں مساوات اور دوم اقتصادی طور پر مساوات۔

اقتصادی مساوات کی تشریح عام طور پر لوگ یہ کرتے ہیں کہ چونکہ اللہ تعالیٰ نے سب انسانوں کو یکساں پیدا کیا ہے۔ لہٰذا دولت کی تقسیم کے لحاظ سے بھی وہ سب یکساں ہونے چاہئیں۔ اور ہر شخص کو برابر کا حصہ ملنا چاہیئے تاکہ وہ برابر کا فائدہ اٹھا سکیں۔ حالانکہ اگر غور کیا جائے تو یہ خیال ہی نہایت بھونڈی قسم کا ہے۔ ذرا تصور تو کیجئے اُس وقت کا جبکہ مالی لحاظ سے تمام بنی نوع انسان یکساں ہوں گے کیا ایسی صورت میں دنیا کا کاروبار ایک لحظہ کے لیئے بھی چل سکے گا ؟ کوئی شخص دوسرے سے تعاون کرنے پر رضامند نہیں ہوگا۔ کیونکہ وہ سب ایک ہی درجہ کے ہوں گے۔ نہ کوئی کام لینے والا رہے گا اور نہ کوئی کام کرنے والا۔ سب ایک ہی درجہ کے ہوں گے۔ ایسی صورت میں کون کسی کے ماتحت رہنا پسند کرتا ہے اس دنیا کا نظام تو اس قسم کی مساوات کے نہ ہونے کی وجہ سے ہی چل رہا ہے۔ کیونکہ کچھ لوگ اعلیٰ قابلیتوں کے مالک ہیں۔ کچھ درمیانے درجہ کے اور کچھ ادنیٰ درجہ کے۔ ادنیٰ اور درمیانہ درجہ کے لوگ اعلیٰ قابلیت کے لوگوں کی رہنمائی میں کام کرتے ہیں۔ اس کے بغیر دنیا کا نظام قائم نہیں رہ سکتا۔ اعلیٰ ذہنی اور دماغی قابلیتوں کے مالک جن کی اقتصادی حالت ان صلاحیتوں کی وجہ سے بہتر ہوتی ہے ان لوگوں کی امداد کے بغیر کام نہیں کر سکتے۔ جو ان صلاحیتوں سے محروم ہیں۔ اور ادنیٰ صلاحیتوں کے مالک اعلیٰ قابلیت کے لوگوں کی رہنمائی کے بغیر کامیاب زندگی نہیں گزار سکتے۔ دونوں کی موت و حیات کا دارومدار ایک دوسرے پر ہے ایسی حالت میں کیا یہ ہو سکتا ہے کہ تمام انسانوں کی مالی حالت ایک جیسی ہو۔ اور پھر ان میں سے ایک وزیر ہو تو دوسرا بھنگی کا کام کرتا ہو یا ایک انجینئر ہو اور ایک اس جیسا ہی اس کا بھائی مزدور۔ پس اگر ہم غور کریں۔ تو ہمیں یہ معلوم ہوگا۔ کہ اقتصادی مساوات کا ہرگز یہ مطلب نہیں ہے کہ تمام انسانوں میں دولت کی تقسیم برابر برابر ہونی چاہیئے۔ یہ اصول عقل اور فطرتِ انسانی کے خلاف ہے۔ ہاں ہر انسان کا بطور ایک انسان کے یہ حق ضرور ہے کہ اسے کھانے کے لئے روٹی، پہننے کے لیئے کپڑا اور رہنے کے لئے مکان میسّر ہو۔ اسی طرح کسی انسان کو یہ حق ہرگز حاصل نہیں ہونا چاہیئے۔ کہ وہ بے انتہا دولت کا مالک بن جائے۔ اور اس میں سے وہ غرباء کا مناسب حصہ نہ نکالے وہ خود تو سیر ہو کر کھانا کھائے اور اچھے سے اچھا کپڑا پہنے۔ مگر اس کا غریب ہمسایہ بھوکا اور ننگا رہے پس ایسی ہی حالت کو ہم اقتصادی مساوات کا نام دے سکتے ہیں۔ اور اسلام نے بھی ایسی ہی مساوات کو قائم کیا ہے جس میں فارغ البال اصحاب اپنے مال کو زکوٰۃ اور صدقہ کے ذریعہ غریبوں میں تقسیم کریں۔ تاکہ وہ بھی اپنی ضروریات کو پورا کر سکیں۔ اس طرح امیروں کی دولت سے غریب بھی بہرہ ور ہوتے رہیں گے۔

مساوات کی دوسری اور زیادہ اہم قسم ہے **نسلی اور شخصی حقوق کی مساوات**۔

دراصل غور کیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ انسانی مساوات میں سب سے مقدم سوال دولت کی تقسیم کا نہیں ہے بلکہ انسان کی نسلی اور شخصی مساوات کا ہے کیونکہ یہی وہ میدان ہے جس میں مختلف انسانوں میں آپس کی جذباتی کشمکش پیدا ہو جاتی ہے۔ اور سوسائٹی کے مختلف طبقات میں نفرت و حقارت کی ایک وسیع خلیج حائل ہو جاتی ہے جس کے نتیجہ میں مختلف انسانی طبقات

ایک دوسرے کے دشمن ہو جاتے ہیں۔ اور ایک دوسرے کے خلاف برسرپیکار رہتے ہیں اسلام نے انسانی حقوق کے متعلق کس قسم کی مساوات قائم کی ہے؟ اس کے متعلق بانی اسلام حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم نہایت سادہ مگر فیصلہ کن الفاظ میں یوں فرماتے ہیں :-

يَا أَيُّهَا النَّاسُ أَلَا إِنَّ رَبَّكُمْ وَاحِدٌ وَإِنَّ أَبَاكُمْ وَاحِدٌ۔ أَلَا لَا فَضْلَ لِعَرَبِيٍّ عَلَى عَجَمِيٍّ وَلَا لِأَحْمَرَ عَلَى أَسْوَدَ وَلَا لِأَسْوَدَ عَلَى أَحْمَرَ إِلَّا بِالتَّقْوَى۔

(مسند امام احمد بن حنبل)

یعنی "اے لوگو سن لو تمہارا رب ایک ہے اور تمہارا باپ بھی ایک۔ سن لو کہ عربوں کو عجمیوں پر کوئی فضیلت نہیں اور عجمیوں کو عربوں پر کوئی فضیلت نہیں ہے اور اسی طرح گوروں کو کالوں پر کسی قسم کا تفوق حاصل نہیں۔ اور نہ ہی کالوں کو گوروں پر کوئی فضیلت حاصل ہے سوائے تقویٰ کے کہ اس میدان میں ہر شخص اپنی کوشش سے آگے نکل سکتا ہے۔"

پس یہ نظریہ اسلامی مساوات کا بنیادی پتھر ہے۔ جس کے ماتحت دنیا بھر کی اقوام اور تمام لوگوں کو ایک ہی سطح پر کھڑا کر دیا گیا ہے مگر اس کے ساتھ ہی یہ بھی اجازت دی ہے کہ ہر شخص اپنی محنت کے زور سے دوڑ میں آگے نکل سکتا ہے۔ یہ اجازت اس لئے دی گئی ہے تاکہ لوگوں میں جدوجہد اور کوشش کرنے کا مادہ بھی قائم رہے اور وہ ایک دوسرے سے بڑھنے کی بھی کوشش کریں۔ قدرت نے انھیں جو طاقتیں ودیعت کی ہیں اور جو ذرائع بخشے ہیں۔ ان سے پورا پورا فائدہ اٹھائیں اور ترقی کے وسیع میدان میں ایک دوسرے سے آگے نکلنے کے لئے پورا زور لگائیں۔ تاکہ دنیا کی ترقی کبھی رک نہ جائے جس کا نتیجہ تمام دنیا کی تباہی ہے پس اگر مکمل مساوات قائم کر دی جائے۔ اور مسابقت کی روح پیدا نہ کی جائے۔ تو دنیا کی ہر قسم کی ترقی فوراً رک جائے گی اور اس کا نتیجہ ظاہر ہے کیونکہ یہ امر واقع ہے کہ جب تک دو اشخاص میں مقابلہ کی روح پیدا نہ ہو جائے۔ اس وقت تک وہ ترقی نہیں کر سکتے۔ اگر دونوں اپنی پہلی حالت پر ہی صبر و شکر کر کے بیٹھ رہیں۔ تو بالآخر دونوں تباہ ہو جائیں گے۔ پس دنیا کا نظام چلانے کے لئے یہ ضروری ہے کہ ہر شخص کو برابر کا حق حاصل ہو۔ لیکن اس کے ساتھ ہی یہ بھی ضروری ہے کہ ترقی کے میدان میں ایک دوسرے سے آگے نکلنے کی بھی کھلی اجازت ہو۔ مساوات کا یہی نظریہ اسلام پیش کرتا ہے۔

مساوی انسانی حقوق کے بارے میں سب سے بڑا مسئلہ غلاموں کے متعلق ہے۔ یہ مسئلہ ہزارہا سال سے چلا آ رہا ہے اور ایک لحاظ سے عملاً آج بھی ہے صرف اتنا فرق ہے۔ کہ انفرادی غلامی کی بجائے اجتماعی یا قومی غلامی کا دَور دَورہ ہے جو پہلی قسم سے زیادہ تکلیف دہ ہے۔ عدم مساوات کا سب سے بُرا نمونہ غلاموں کی صورت میں ہی نظر آتا ہے۔ کیونکہ اس کے مطابق ایک شخص کو دوسرے شخص یعنی اپنے غلام پر فوقیت حاصل ہوتی ہے اور ان دونوں کے حقوق میں زمین و آسمان کا فرق ہوتا ہے۔ اسی وجہ سے اسلام نے غلامی کا بکلّی انسداد کر دیا ہے کسی مسلمان کے لئے یہ جائز نہیں رکھا کہ وہ کسی دوسرے انسان کو امن کی حالت میں غلام بنا لے۔ غلامی کے متعلق اسلامی نظریہ خود ایک وسیع مضمون ہے جسے میں آئندہ کبھی علیحدہ طور پر بیان کرنے کی کوشش کروں گا۔ پس جہاں تک انسانی حقوق کا سوال ہے اسلام نے اس میں پوری پوری مساوات قائم کی ہے اور یہ حقیقت ہے کہ تمام بنی نوع انسان کو برابر کے حقوق حاصل ہونے چاہئیں۔ باقی رہی اقتصادی مساوات۔ سو اس کے متعلق عرض ہے کہ ایسی مساوات کو اوّل تو عقل ہی تسلیم نہیں کرتی اور یہ قائم ہو سکتی ہی نہیں۔ دوسرے بالفرض اگر یہ تسلیم کر بھی لیا جائے۔ کہ ایسی مساوات کا قیام ممکن ہے تو اس صورت میں بھی جیسا کہ میں پہلے عرض کر چکا ہوں۔ ہمارا ہر قسم کا توازن بگڑ جاتا ہے۔ اور یہ تمام سلسلہ ہی درہم برہم ہونے کا خطرہ ہے۔ پس پوری اقتصادی مساوات تو قائم ہو ہی نہیں سکتی صرف روپیہ ہی تو انسان کی خوشی کا باعث نہیں ہوتا۔ اور نہ صرف روٹی ہی اس کا پیٹ بھرتی ہے اس کے علاوہ کیا ہر شخص ایک سی روٹی کھا کر ایک جیسا مزہ حاصل کر سکتا ہے؟ کیا ہر شخص کی نظر ایک سی ہے؟ کیا ہر شخص کی صحت ایک سی ہے؟ پس کیا ان امور میں مساوات قائم کی جا سکتی ہے؟

غرض مساوی دولت تقسیم کر کے بھی حقیقی مساوات قائم نہیں ہو سکتی دل کا چین اور حقیقی راحت دولت نہیں دے سکتی۔ یہ تو کسی شخص کے مخصوص حالات سے تعلق رکھتے ہیں۔ اور مذہب اور خدا تعالیٰ سے تعلق کے بغیر ہرگز

حاصل نہیں ہو سکتے۔ کیونکہ یہ امور اللہ تعالیٰ ہی کے اختیار میں ہیں۔ بے شک لوگوں میں روٹی برابر تقسیم کر دی جائے۔ بے شک کپڑا بھی یکساں دیدیا جائے لیکن انسان کو حقیقی چین اس وقت تک حاصل نہیں ہوگا۔ جب تک اس کا خدا سے تعلق نہ ہو۔ کیونکہ روٹی کپڑے کے علاوہ ہزاروں امور ایسے ہیں جن کی کمی بیشی سے انسان کے دل کا چین اور سکون زائل ہو جاتا ہے۔

کہا جاتا ہے کہ روس میں ایسا نظام قائم ہے جس میں دولت کی برابر طور پر تقسیم کی جاتی ہے۔ حالانکہ واقعات اس کے خلاف گواہی دے رہے ہیں کیا روس کے ہر شخص کو ویسا ہی آرام حاصل ہے جیسا کہ سٹالین یا دوسرے وزرا کو حاصل ہے؟ کیا روس کے ایک عام مزدور کو روس کے وزیر اعظم جتنی تنخواہ ملتی ہے۔ یقیناً ایسا ہرگز نہیں ہے پس عقل مانتی ہے اور واقعات اس بات پر شاہد ہیں کہ اسلام کا پیش کردہ نظام ہی مکمل اور قابل عمل ہے۔ اسلام اقتصادی لحاظ سے ایسا توازن چاہتا ہے کہ دولت رعایا کا ایک حصہ بھوکا ننگا رہے اور بالکل قلاش ہو اور دوسرا حصہ بے حد دولت کا مالک ہو۔ اور نہ ہی ایسا نظام پیش کرتا ہے کہ تمام انسان برابر برابر دولت کے مالک ہوں۔

اسلام کا پیش کردہ مساوات کا اصول اشتراکیت اور سرمایہ داری دونوں کے بین بین ہے اور یقیناً صحیح اور قابل عمل اور کامیاب اصول ہے اسلام انفرادی ترقی کی روح کو بھی نہیں روکتا۔ اور فرد واحد کے ہاتھوں میں ہی ساری دولت سمٹ جانے کی بھی اجازت نہیں دیتا۔ بلکہ ایسا انتظام کرتا ہے۔ کہ افراد اپنی کوشش سے خوب دولت کما سکتے ہیں۔ لیکن ساتھ ہی یہ انتظام بھی کیا ہے۔ کہ یہ دولت ان کے پاس ہی ہمیشہ کیلئے جمع ہو کر نہ رہ جائے۔ بلکہ مختلف ذرائع سے یہ دولت واپس لے لی جاتی ہے۔ اور اسے غریب اور محتاج لوگوں پہ صرف کیا جاتا ہے اسلام ایک شخص کو یہ تو اجازت دیتا ہے۔ کہ وہ جتنا چاہے کما لے۔ لیکن اسے یہ بھی حکم ہے۔ کہ وہ اس وقت تک اپنا کھانا نہ کھائے جب تک وہ یہ تسلی نہ کر لے کہ اس کے پڑوس میں کوئی غریب شخص بھوکا نہیں رہ گیا پس اسلام کا شاندار نظریۂ مساوات تمام بنی نوع انسان کے مابین ایک ایسا توازن قائم کر دیتا ہے کہ اگر دنیا اسے اپنا لے تو وہ یقیناً اپنے مسائل کو بخوبی حل کر سکتی ہے۔

سمیع اللہ قریشی

تابوت کا راز

دور گھنیری چھاؤں میں
دور گھنے سایوں کے تلے
اک پربت کے پاؤں میں
کہتے ہیں کچھ پھول کھلے،
پھول کھلے کملا بھی گئے
آخر اتنی جلدی کیوں؟
رقص کیا مرجھا بھی گئے
یہ بھی ٹھہرا ایک فسوں!

تاریکی کی چھاؤں میں
رکھا ہے تابوت جہاں
موت کے اجڑے گاؤں میں
آ کر ٹھہرے پھول کہاں
یہ تاریکی یہ تابوت
یہ تابوت اور مردہ پھول
کافی ہے یا اور ثبوت؟
دیکھ لو ان پر اڑتی دھول

اس دنیا کے در بانو!
کیا کر دوں اس راز کو فاش؟
اس تابوت میں انسانو!
انسانیت کی ہے لاش

عبداللطیف

کروچے کا نظریۂ فن

کروچے کے نزدیک علم ہمیشہ دو طرح کا ہوتا ہے وجدانی اور منطقی یا انفرادی اور آفاقی علم جو ہمیں تخیل کی مدد سے حاصل ہوتا ہے یا وہ علم جو ہم عقل کی مدد سے حاصل کرتے ہیں۔ علم جو حسیاتی ارتسامات کی پیداوار ہے یا تصورات کی صورت میں نمو پذیر ہوتا ہے۔

اپنی روزمرہ زندگی میں (یہ روزمرہ زندگی کروچے کے نزدیک فطری زندگی ہے) ہم چیزوں کو وجدانی کیفیات کی مدد سے سمجھتے ہیں مگر عملی زندگی میں ہم استدلال سے کام لیتے ہیں۔ فن ہمارا وجدانی علم ہے اور فلسفہ یا سائنس استدلالی ـــ وجدان چیزوں کا صحیح یا بلا واسطہ علم ہے مگر تصورات اس کی درمیانی کڑیاں کہلاتے ہیں۔ اور ان کا درمیانی تعلق ظاہر کرتے ہیں۔ مثلاً اس ایک پھول کا علم مجھے وجدان کے ذریعے سے حاصل ہوا۔ اور اس کا تصور ایسے لاتعداد پھولوں کی درمیانی کڑیاں ملانے سے۔ اسی طرح سائنس کی دنیا حقائق کی دنیا ہے۔ سائنس دان چیزوں کی ہیئت نظام ان کے صفات و عناصر اور ان کی خصوصیات و تعلقات کا مشاہدہ کرتا ہے۔ وہ اشیا کی منظم و مدلل تشریح ہی نہیں کرتا بلکہ ان کی فطرت ماہیت اور تاریخ کو بھی شامل کرتا ہے۔ مگر فن کار کا کام ان سے محض اثرات لینا ہے اس کی سب سے بڑی کوشش یہ ہے کہ وہ چیزوں سے زیادہ سے زیادہ اثرات لے سکے۔ اور مختلف اثرات کو منظم کر کے اپنے جذبات و محسوسات کے ساتھ ہم آہنگ کر سکے۔ فن جذبات سے پیدا ہوتا اور جذبات ہی میں گردش کرتا ہے۔ یہ ہمیں چیزوں کا علم جذبی اور روحانی پہلوؤں سے دلاتا ہے۔ اس لیے یہ بیک وقت سائنس کے مد مقابل اور اس کی تکمیل کے لیے بھی ممد ثابت ہوتا ہے۔

فن زمان و مکاں کی قید سے بالاتر ہے۔ مثلاً افسانہ سنتے وقت ہر وقت اور لمحے تصورات کو ہمیشہ بھول جایا کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ ہماری تمام منطقی اور ارادی قوتیں نہ ہماری دو دھری آہیں وغیرہ زمان و مکاں کی قیود میں ہرگز نہیں لائی جا سکتیں۔ مگر عقل کی رہنمائی فن کے لیے ضروری ہے۔ ممکن ہے کسی پر سوز نغمے کی دلگداز سُروں یا چاندنی کے کسی حسین منظر کی نقاشی کے لیے ہمارے عقل کی رہنمائی ضروری نہ ہو مگر ان کے منظم کے لیے فن کا سہارا لینا ہی پڑتا ہے۔

ہماری حسیات کے ساتھ بھی فن کا کوئی تعلق نہیں کیونکہ حسیت دراصل بے رنگ ، وہ ہے یہ ہماری بے ارادہ اور میکانکی حرکت ہے زندگی میں کتنے لمحات ایسے آتے ہیں جب ہم اپنے محسوسات کو سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں؟ مگر ہم صرف ان کی ایک ہی جھلک کو فن نہیں قرار دے سکتے۔ جس کا تعلق مواد سے ہے اور مواد و ہیئت اگر متضاد نہیں تو ایک دوسرے سے مختلف ضرور ہیں۔ مواد ایک خارجی عمل ہے جو ہمیں بتلایا جاتا ہے مگر ہیئت ہمارا وہ اندرونی اور شعوری عمل ہے جو خود کو خارجی حقائق کے ذریعہ پہچانا جاتا ہے۔ ہیئت کے اندر استقلال ہے اور یہ ایک روحانی عمل ہے جو کبھی تبدیل نہیں ہوتا۔ اس کے برعکس مواد ہمیشہ تبدیل ہوتا رہتا ہے۔ اپنے اظہار کے لیے ہیئت مواد کی دست نگر ہے جو اس کی پوشیدہ قوتوں کو بروئے کار لاتا ہے۔

میرے خیال میں کروچے کا یہ ہیئت و مواد کا نظریہ افلاطون کے نظریہ علم سے ماخوذ ہے نیز کروچے کے اس نظریے کے ڈانڈے مارکسزم سے جا ملتے ہیں کیونکہ ہیئت اگر اپنے اظہار کے لیے مواد کی محتاج ہے اور مواد ہر وقت تبدیل ہوتا رہتا ہے۔ تو پھر ہم یہ تسلیم کرنے پر مجبور ہیں کہ ہمارے جمالیاتی تقاضے بھی وقت کے ساتھ ساتھ تبدیل ہوتے رہتے ہیں۔ کروچے کی حمایت کا صرف ایک ہی طریقہ ہے کہ ہیئت کو مواد کے انتخاب کا حق حاصل ہو۔ جو سراسر ایک ارادی عمل ہے۔ اور یہ کروچے کے نظریے کے بالکل متضاد۔

اسی طرح کروچے کے نزدیک تلازمات ذہنی کا بھی ہمارے فن

کے ساتھ کوئی تعلق نہیں۔ کیونکہ اگر تلازمات سے مراد پچھلی حسیات یا ارتسامات کی یاد لی جائے تو یہ پھر ایک خارجی عمل ہے اور اگر اس سے مراد حافظہ ہے۔ تو یہ پھر ہماری تخلیقی قوتوں کا جزو بن جاتے ہیں۔ اسی طرح ہر وجدان اظہار چاہتا ہے اور جو وجدان اظہار کی صورت اختیار نہیں کر سکتا۔ وہ ہمارا ایک انفعالی عمل یا ہماری حس ہے۔ ہماری ہر ہیئت اظہار (بیان) کی صورت میں ظاہر ہوتی ہے۔ مگر اس کا الفاظ۔ تصاویر یا گیتوں کی شکل میں نمودار ہونا کوئی ضروری بات نہیں الفاظ وغیرہ سے پہلے بھی وجدان کی ایک مخصوص ہیئت ہوتی ہے۔ الفاظ تو اس تک پہنچنے کا ایک ذریعہ ہیں۔ یعنی ہیئت خارجی حقائق سے متاثر ہو کر پھر اس سے بے نیاز ہو جاتی ہے مگر میرے خیال میں فنکار جب اپنے گہرے وجدان کے لئے مواد کا محتاج ہوتا ہے تو اپنے وجدان کی تکمیل، استحکام یا بقا کے لئے بھی اسے خارجی حقائق کی ضرورت محسوس ہونی چاہیئے۔ اور اسی لئے اظہار کا الفاظ۔ تصاویر یا رنگوں کی صورت میں نمودار ہونا انتہائی ضروری ہے۔ کیونکہ اس کے بغیر ہمارے وجدان کے بکھرے ہوئے بے ترتیب اجزا میں تنظیم و ترتیب ناممکن ہے۔

کروچے فنی دنیا میں کسی منطقی حقیقت کا متلاشی نہیں تھا۔ فن میں واضح وجدان کی ضرورت ہے خواہ وہ منطقی لحاظ سے غلط ہی کیوں نہ ہو۔ جس طرح حسیاتی ارتسامات کے بغیر وجدان اور وجدان کے بغیر اظہار ناممکن ہے۔ اسی طرح اظہار کے بغیر منطق بھی ناممکن ہے۔ مگر اظہار کسی منطق کا محتاج نہیں گویا اظہار ہمارا ابتدائی علم ہے۔

کروچے پر سب سے بڑا اعتراض یہ ہو سکتا ہے کہ اس نے ہر قسم کے مواد کو ہیئت کے قابل سمجھا اور سب سے بڑے عنصر تنوع کو بالکل نظر انداز کر دیا۔ حالانکہ فن جس طرح ہماری منطق کی ابتدا ہے۔ بالکل اسی طرح اس کی انتہا بھی ہے۔ ہمارے منطقی استدلال بھی ہمارے جذبات کی طرح تغیر پذیر ہیں۔ اور ہر وقت اپنا مقام تبدیل کرتے رہتے ہیں۔ ہر بڑا فلاسفر اور ہر بڑا سائنس دان اپنے نظریات کے لئے تخیل کا محتاج ہوتا ہے۔ اور تخیل ہمارے فن کا بہت بڑا حصہ ہے اسی طرح بقول شیلے فنکار کی سب سے بڑی خصوصیت اس کی تنوع پسندی ہے۔ ہمارے وہ مسائل یا وہ تجربات جن کو ہماری روزمرہ یا عملی و عقلی زندگی اپنا سکتی ہے۔ وہ ہمارے فن کا مواد نہیں ہو سکتے۔ جب تک کہ وہ کسی بدلی ہوئی صورت میں ہمارے سامنے نہ آئیں۔

اسی طرح فن کو افادی پہلوؤں سے بھی نجات نہیں مل سکتی۔ کیونکہ ہماری تنوع پسند وجدانی قوتیں ہر نئی دریافت پر پیچھے کی طرف لوٹتی ہیں تاکہ وہ گذشتہ یادوں کو بھی اپنے ساتھ ملا سکیں۔ لہٰذا فن میں بھی صحیح تنوع یا زندگی کے بنیادی مسائل سے گریز ناممکن ہے۔

اس کے علاوہ شیلر پر تنقید کرتے ہوئے کروچے نے فن کو روحانی لذت کہا ہے حالانکہ خود اس کے نظریئے کے مطابق فن ہمارا فطری تقاضا ہے اور لذت اس کا نتیجہ۔

بہرحال جمالیاتی دنیا میں کروچے کا مقام بہت بلند ہے اس نے اپنے جمالیاتی نظریات میں تمام نقادوں کا جواب نہایت احسن طریق سے دیا ہے فن کو علم و عمل یا دیگر حیوانی تقاضوں سے نجات دلانے میں اس کا بہت بڑا ہاتھ ہے۔ اس نے فن کار کی انسانی مجبوریوں اور کمزوریوں پر بھی بہت کچھ لکھا ہے۔ جس کا ذکر ہم کبھی آئندہ کریں گے۔

"بقیہ ایک مشاعرہ"

صفحہ ۱۵ سے آگے :-

کی وجہ سے مشاعروں سے متنفر ہو چکا ہوں۔ ان اشتہاروں کو پڑھتے ہی وہی قبیح سا منظر آنکھوں کے سامنے آ جاتا ہے۔ اور میں منہ پھیر کر نکل جاتا ہوں۔

کاش لوگوں کی ذہنیت اور مشاعروں کی یہ حالت بدلے۔ عوام شعراء کے جذبات سے کھیلنے کے بجائے ان کی حوصلہ افزائی کریں شاید حکومت سامعین کی تنقید کرنے والی زبانوں اور بے جا تالی پیٹنے والے ہاتھوں پر ٹیکس لگا دے۔ اور شعراء کرام اطمینان قلب سے لوگوں کو چیدہ چیدہ اشعار سے محظوظ کر سکیں۔ لگے ؎

خدا نے آج تک اس قوم کی حالت نہیں بدلی
نہ ہو جس کو خیال آپ اپنی حالت کے بدلنے کا

احمد بشارت اللہ

میں ایک طالب علم ہوں

(طنز و مزاح)

جی ہاں۔ سوچنے کی کیا بات ہے اگر آپ کو اس میں کچھ شبہ ہو تو میرا اپنا شناختی کارڈ دکھا سکتا ہوں۔ جو میرے پرس میں ہے اس میں نہایت واضح الفاظ میں لکھا ہوا ہے۔ کہ "مسمی .... فلاں کالج میں تھرڈ ایئر کا طالب علم ہے"..... یعنی میں کالجیئٹ ہوں۔ اب تو یقین آ گیا ہوگا؟ ــــ نہیں؟ تعجب ہے۔ اوہو میں سمجھ گیا۔ آپ ــــ غالباً میرے شوخ و شنگ سوٹ اور میچنگ ٹائی سے دھوکا کھا گئے۔ اخاہ ــ آپ کا اندازہ بالکل غلط ہے یہ بالوں کو کرل کرنے کا شوق مجھے نیا نیا ہوا ہے۔ میں کسی فلم کا ہیرو نہیں ہوں۔ کبھی ہوسٹل میں کمرہ ۲۱۲ میں تشریف لایئے گا ــــ آپ کو میری ٹیبل پر ماڈرن بناؤ سنگھار کی کریمیں۔ پوڈرز۔ لکس۔ عطر..... غرضیکہ ہر وہ چیز جو ایک طالبعلم کی خوبصورتی کو برقرار رکھ سکتی ہے۔ نہایت قرینے سے رکھی ملے گی۔

آئیے نا۔ اجی "تکلف" کرنے کی کیا ضرورت ہے ذرا اپنے کمرہ کی سیر کرا دوں ــــ یہ رہی کپڑوں کی الماری۔ یہ ٹھہرے میرے کامٹی سوٹ اور ٹائیاں۔ آپ غالباً نہیں جانتے۔ میں ان چیزوں سے کتنا پیار کرتا ہوں۔ جب بھی منی آرڈر آتا ہے۔ میں اپنے لئے ایک نہ ایک سوٹ بنوا لیتا ہوں۔ یہ دیکھئے ٹو ٹیڈ کا سوٹ۔ اس کا کپڑا ۳۵ روپے گز کا ہے اور اسے مال روڈ سے سلایا گیا ہے۔ درزی نے پورے ساٹھ روپے لئے تھے ــــ ہاں پہن کر دیکھئے اور میچنگ کے لئے یہ ٹائی خریدی گئی ہے۔ دس روپے قیمت ہے اس کی۔ ان ٹائیوں کو بھی دیکھئے آپ ضرور میرے حسنِ انتخاب کی داد دیں گے۔ آپ کو اس جگہ ہر قسم کی ٹائیاں ملیں گی۔ یہ ہے میری تازہ ترین ٹائی۔ جو کل شاپنگ کے دوران میں ۱۵ روپے میں خریدی ہے۔ دیکھا کتنی شوخ اور چمکدار ہے۔ اس پہ یہ پھول ــــ اخاہ جب ٹو ٹیڈ کے سوٹ کے ساتھ اسے لگا کر باہر نکلا تو ایسا محسوس ہوا کہ اس دنیا میں بس میں ہی میں ہوں۔ میں ٹائم کا بڑا پنکچوئل punctual ہوں۔ روزانہ جلیٹ gillete سے شیونگ کر کے کوئی آدھ گھنٹے کی محنت کے بعد کوٹ پتلون۔ ٹائی اور شوز کے مختلف combinations کرتا ہوں۔ کبھی گیبرڈین کے سوٹ پر گرین ٹائی۔ براؤن شوز۔ کبھی ٹو ٹیڈ کے سوٹ پہ سرخ ٹائی اور سیاہ جوتا۔ آپ کہیں اس غلطی میں نہ رہیں۔ میرے پاس اور دو ایک سوٹ بھی ہیں ــــ غرض میں لباس کے معاملہ میں بڑا محتاط رہتا ہوں۔ اپنے آپ کو حسین سے حسین تر بنانے کی کوشش کرنا میری Hobby ہے۔ اچھا چلئے الماری کا معائنہ تو ہو چکا۔ اب آیئے میری کتابوں کی ٹیبل کی طرف۔ دیکھئے میں کتنا سلیقہ پسند طالب علم ہوں میرے پاس ہر چیز موجود ہے۔ میز پہ نہایت صاف ستھرا کپڑا بچھا ہے یہ تازہ ترین ناول ہے۔ کاپیاں۔ کتابیں .... اور دیگر ضروریات یہاں موجود ہیں ــــ آپ تو کاپی کو اٹھا کر دیکھنے لگے۔ خیر دیکھئے۔ غالباً تمام کاپیاں خالی نظر آئیں گی۔ کیونکہ میں انھیں بہت کم استعمال کرتا ہوں ممکن ہے بعض کے اوراق بھی کٹے ہوئے نہ ہوں۔ دراصل بات یہ ہے مجھے پڑھنے لکھنے کی فرصت ذرا کم ملتی ہے۔ آج اس فرینڈ کے ساتھ داک دیکھنے چلے گئے کل اس کے ساتھ سینما۔ پرسوں تیسرے کے ساتھ شاپنگ کرنے۔ بہرحال روزانہ کچھ ایسی ہی مصروفیات آ پڑتی ہیں کہ پڑھنے لکھنے کے لئے ٹائم ہی نہیں ملتا۔

اونہہ۔ اجی۔ ہٹایئے ان خشک چیزوں کو۔ چلئے اب آپ کو اپنے کالج کی سیر کراؤں۔ مگر ذرا ایک منٹ ٹھہریئے۔ میں آئینہ دیکھ لوں

—— ٹھیک ہے ۔ اب غالباً انگریزی کا پیریڈ ہے ۔ دیکھیں کیب فرماتے ہیں پروفیسر صاحب ۔ پروفیسر صاحب آج بھی نہیں آئے ۔ اور اگر آ بھی جائیں تو ہماری سمجھ میں کچھ نہیں آتا ۔ بس حاضری پوری کرنے کے لیے کلاس میں چلے جاتے ہیں "میرڈ پیپل Married People" شروع کیے پانچ دن ہو چلے ہیں ۔ کمبخت ختم ہونے میں نہیں آتی —— ارے سامنے دیکھیے ۔ رشید آ رہا ہے ذرا چال دیکھیے ۔ اس کا اپشنل فلسفہ لوجی ہے اور اب اس کا پیریڈ خالی ہے ۔ اب مجھے اپنے ساتھ ضرور ٹک شاپ لے چلے گا —— دیکھیے میرا اندازہ کتنا صحیح نکلا چلیے آپ بھی چائے پی لیں ۔ پھر آج سردی بھی تو زیادہ ہے —— حاضری ؟ حاضری کی آپ فکر نہ کریں ۔ کاردار میری PROXY بول دے گا اور غالباً ..... صاحب آج کلاس نہیں لیں گے جب شیخ صاحب سے مٹھ بھیڑ ہو گئی ہے تو کون جائے کلاس میں —— البتہ کوئی نیا سوٹ سلاؤں یا کوئی نئی ٹائی خریدوں تو کلاس اٹنڈ کروں گا ۔

اچھا آئیے ۔ پراچہ سے تازہ مسائل پر کچھ گفتگو ہو جائے ۔ کہیے پراچہ صاحب کون کون سی فلمیں دیکھ لیں ۔ لیجیے پراچہ صاحب مسکرانے لگے —— تمام فلمیں دیکھ ڈالیں ؟ تعجب کی کیا بات ہے میں نے بھی تو آخر کوئی فلم نہیں چھوڑی ۔ آج بھی ان شاء اللہ پلازا جاؤں گا ۔ کیوں بھئی پراچہ چلو گے ؟ سنا ہے بڑی اچھی پکچر لگی ہے وہاں ۔ مس نہیں کرنا چاہیے ۔ ایلو گھنٹی بج رہی ہے ۔ میر صاحب کا پیریڈ ختم ہوا کمبخت کلاس کے باہر وقت کس قدر جلد گزر جاتا ہے اب شاید ..... صاحب کا پیریڈ ہے ۔ کیوں پراچہ ٹھیک ہے نا ۔ مجھے تو ٹائم ٹیبل یاد نہیں رہتا ۔ چلو یار چلیں ..... صاحب کا پیریڈ ضرور اٹنڈ کرنا چاہیے ۔

امتحان —— ؟ ارے امتحان کی کیسی پرواہ ہے زندگی کے بڑے بڑے امتحانوں کے مقابلے میں ان امتحانوں کی کیا اہمیت ہے میں ان معمولی امتحانوں کی فکر میں گھلنا نہیں چاہتا ۔ میرا مقصد زندگی سے لطف اندوز ہونا ہے ۔ اور ظاہر ہے امتحان کا تصور اس خوشی میں مخل ہے ۔ لہٰذا اس کے متعلق میں سوچتا بھی نہیں زیادہ سے زیادہ یہی ہوگا نا کہ میں فیل ہو جاؤں گا ۔ اچھا ہی ہوگا ۔ کالج لائف کو Enjoy کرنے کے لیے ایک سال اور مل جائے گا ۔ والد صاحب خدا کے فضل سے سلامت ہیں میں تو کالج میں صرف کالج لائف کا مزہ لوٹنے کے لیے داخل ہوا ہوں ۔ لیجیے وہ کلاس روم آ گیا ۔ مگر ذرا ٹھہریے —— لڑکے تمام پہنچ چکے ہیں اب کیا خاک کریں اٹنڈ پیریڈ ۔ اور پھر پروفیسر صاحب حاضری بھی تو لے چکے ہیں اب کل ہی پیریڈ اٹنڈ کروں گا ۔

اچھا جناب میں نے آپ کا کافی وقت ضائع کیا میں تو اب بہت تھک گیا ہوں ۔ لہٰذا ہوسٹل جا کر سو رہوں گا ۔ شام کو پراچہ کے ساتھ پلازا بھی جانا ہے —— ہاں اب تو آپ کو یقین ہو گیا ہوگا کہ میں واقعی —— "ایک طالب علم ہوں" ۔

قائدِ اعظم

طلبہ سے خطاب

"آپ کی بھلائی ۔ آپ کے والدین کی بھلائی بلکہ ساری مملکت کی بھلائی اس میں ہے کہ آپ کی توجہات صرف تحصیلِ علم کے لیے وقف رہیں ۔ صرف اس طرح آپ خود کو کشمکشِ حیات کے لیے مسلح کر سکتے ہیں اس زندگی کے لیے جو آپ کو عنقریب پیش آنے والی ہے ۔ صرف اس طریقے سے آپ اپنی مملکت کے لیے طاقت اور فخر کا سرچشمہ بن سکتے ہیں اور ان مسائل کو حل کرنے میں مدد دے سکتے ہیں ۔ جو اس مملکت کے معاشرتی اور معاشی میدان میں درپیش ہیں ۔ صرف اس صورت میں آپ اسے دنیا کی ایک عظیم ترین طاقت ور اور ترقی یافتہ قوم بنا کر منزلِ مقصود تک پہنچا سکتے ہیں ۔"

کرامت اللہ

ایک مُشاعرہ

(طنز و مزاح)

بازیچۂ اطفال ہے دنیا مرے آگے
ہوتا ہے شب و روز تماشا مرے آگے

ہر دوسرے تیسرے ہفتے کوئی نہ کوئی مشاعرہ منعقد ہو جاتا ہے۔

بعض حضرات کا نظریہ ہے کہ مشاعرے سننے سے معلومات میں اضافہ ہوتا ہے۔ محبوب شعرائے کرام سے متعارف ہونے سے زیادہ ان کی شبیہ مبارک سے مستفید ہوتے اور ان کے کلام سے محظوظ ہوتے ہیں۔ لوگ زیادہ قیمتوں کے ٹکٹ خرید کر شعراء حضرات سے قربت میں کوشاں رہتے ہیں۔ شاید دور بیٹھنے والوں کے کان کی بجائے ناک میں بست عروں کا ترنم گھس جاتا ہے یا ویسے نزدیک سے ان کی رگوں کے زیر و بم کا بخوبی مطالعہ کیا جا سکتا ہے بہر حال ؏

کچھ تو ہے جس کی پردہ داری ہے

بازاروں میں قد آدم اشتہار لگا دیئے جاتے ہیں:

"آج فلاں صاحب کی زیر صدارت فلاں جگہ فلاں وقت پر ایک عظیم الشان مشاعرہ منعقد ہو رہا ہے جس میں ملک کے چوٹی کے شعرائے کرام حصہ لے رہے ہیں۔

پانی اور پردے کا خاص انتظام ہوگا"

اور اس سے نیچے قدرے جلی حروف میں شعراء حضرات کے اسمائے گرامی درج ہوتے ہیں۔ جیسے تلاش گمشدگان مقصود ہو۔ میرے دل میں بھی اس پرہیبت اشتہار کو پڑھ کر گدگدی سی ہوتی اور جانے یا نہ جانے کی کشمکش میں ہی تاریخ معینہ گزر جاتی اور ارمان مچل کر رہ جاتے۔ اتنی شدید نفرت کی وجہ والدین کے رعب کے سوا کچھ نہیں۔ شام کو سات بجے کے بعد کواڑ بند کر دیئے جاتے ہیں اور مصیبت تو یہ ہے کہ بیشتر مشاعرے سات بجے رات کے بعد ہی ہوتے ہیں۔

ایک دفعہ میرا امتحان نزدیک تھا۔ والدین ایک عزیز کی شادی میں شریک ہونے کے لئے تشریف لے جا چکے تھے مجھے امتحانات کی وجہ سے گھر میں رہ کر پڑھنے کی شدید تاکید کی گئی تھی، اور رمضان نوکر کو سی آئی ڈی کے طور پر مجھ پر نگران مقرر کر دیا گیا تھا۔

میں پڑھنے میں مشغول تھا کہ میرا پڑوسی اختر آ دھمکا۔ وہ میرا ہم جماعت ہونے کی وجہ سے اکثر میرے ہاں آیا کرتا ہے اس کی آمد سے میں چنداں حیران نہ ہوا۔ وہ آتے ہی برس پڑا۔ "ابے! چھوڑو ان کتابوں کو۔ چلو آج فلاں ہال میں ایک مزیدار مشاعرہ ہو رہا ہے۔ کبھی کتابی دنیا سے باہر بھی سر اٹھا کر دیکھا ہے؟" اور ایک اشتہار کی تہوں کو کھول کر میرے سامنے پھیلا دیا۔ سرخی تھی:

"آپ کے پسندیدہ شعراء آپ کے سامنے"۔

اس سرخی میں کچھ ایسی جاذبیت اور مقناطیسی قوت تھی۔ کہ میں متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکا۔ مگر ہر سطر کے پیچھے والد صاحب کا چہرہ دکھائی دیا میں نے ٹالنے کی غرض سے کہا۔ "مشاعروں میں جانا اور سننا خواہ مخواہ کی دردسری ہے بابا۔ معاف رکھو ہمیں۔ رمضان نے اگر اباجی سے کہہ دیا تو کان پکڑوا دیئے جائیں گے"۔

"اٹھو یار پرویز! چھوڑو ان باتوں کو رمضان سے بھی نپٹ لیں گے"۔

اختر نے کتاب چھین کر الٹ دی۔ اور کالر سے پکڑ کر اٹھاتے

ہوئے کہا۔ "ایسے مواقع بار بار نہیں آیا کرتے۔ گھر میں کوئی بھی نہیں ہے دیر نہ کرو۔"

میں نے نصیحت کی۔ "اختر بھیا! یہ مشاعرے کام نہیں آئیں گے پڑھو گے تو پاس ہو گے ایسے مشاعرے تو ہوتے ہی رہیں گے ع ایک چھوڑو ہزار ملتے ہیں۔ فضول وقت ضائع کرنے سے کیا فائدہ؟"

"ابے ہٹو! فائدے کے چرخے۔ خدا کی قسم اتنی مہتیاں آتی ہیں کہ کچھ نہ پوچھو۔" اور میرے کان میں چند ایک حوّا کی بیٹیوں کے نام گن دیئے۔ میں نے مجبوراً کتابوں پر حسرت آمیز نگاہ ڈالی اور نوکر سے "ابھی آیا" کہہ کے بادلِ ناخواستہ ڈرتے ڈرتے چل کھڑا ہوا۔

جب جائے مقررہ پر پہنچے تو دیکھا کہ میدان کاروں سائیکلوں اور پال لوگوں سے اٹا پڑا تھا۔ اتنا شور تھا کہ "الامان والحفیظ" دو تین دفعہ اختر کو جو ساتھ ہی بیٹھا ہوا تھا۔ بلانے کی ضرورت پیش آئی اور اتنا چیخنا پڑا کہ گلے میں خراش ہونے لگی۔ بالآخر اسے اشاروں سے ہی مدعا کہنا پڑا۔

ایک کالی شیروانی والے صاحب اسٹیج پر بے چینی سے گھوم رہے تھے کبھی بغلی دروازے کی طرف جاتے اور واپس آجاتے۔ معلوم ہوا بے چارے منتظم ہیں اور صاحب صدر کی راہ دیکھ رہے ہیں۔ خدا خدا کر کے منتظم صاحب کی جان میں جان آئی۔ صاحب صدر وقتِ مقررہ سے صرف تیس منٹ لیٹ تھے۔ اور اس کے باوجود ان کے چہرے پر ندامت کی بجائے غالباً ہلکے "میک اَپ" کی تہہ نظر آرہی تھی۔ منتظم صاحب نے مائیکروفون کے سامنے ناک لے جا کر لوگوں سے خاموشی کے لئے استدعا کی۔ جو کسی حد تک قبول کرلی گئی بعد ازاں انھوں نے فرمایا۔ "میں جناب ..... سے التماس کرتا ہوں کہ کرسیٔ صدارت پر جلوہ افروز ہو کر مشاعرے کا آغاز فرمادیں۔"

تمام ہال تالیوں سے گونج اٹھا۔ صاحب صدر نے بتیسی نکالتے ہوئے کرسیٔ صدارت میں خود کو ٹھونس دیا۔ لوگوں نے تالی پیٹنے کے ساتھ ساتھ زبان کو بھی استعمال میں لانا شروع کر دیا۔ میرے ایک قریبی نے للکارا:

"اے آمدنت باعثِ ....." اور اس طوطی کی آواز نقارخانہ میں کہیں کھو گئی۔ صاحب صدر کے ہاتھ دکھانے پر عوام اپنے کپڑوں میں واپس آگئے۔ اور مشاعرے کی کارروائی کا تلاوتِ قرآن شریف سے اقتتاح ہوا۔ منتظم صاحب نے ایک شاعر کو کلام پڑھنے کے لئے پکارا۔ شاعر نے اسٹیج پر آتے ہی تمہیدی لیکچر دینا شروع کر دیا۔ "صاحبان! پیشتر اس کے کہ میں ....."

"روؤں" ایک کونے سے صدا آئی اور تمام ہال راجا اندر کا اکھاڑہ بن گیا۔ شاعر صاحب پہلے تو بوکھلا گئے مگر جلد ہی سنبھل گئے اور زنانہ نشستوں کی طرف مسکراتے ہوئے دیکھ کر بولے۔ "ہاں تو پیشتر اس کے کہ میں اپنا کلام آپ حضرات کے گوش گزار کروں۔ مجھے یقین محکم ہے کہ آپ اسے دلجمعی اور اطمینان قلبی سے سنیں گے اور ....."

اور اکیلے شاعر کی آواز متعدد "ضرور ضرور" کے ساتھ مل کر روشن دانوں سے باہر نکل گئی۔ خیر انھوں نے اپنی جیب سے ایک کاغذ نکالا اور اس پر تحریر شدہ کلام پڑھنے لگے۔

"زبانی پڑھئے" بائیں جانب سے آواز آئی۔ اور "زبانی زبانی" کی گردان کا ورد ہونے لگا۔ منتظم صاحب کو اپنی کرسی سے اچھلنا پڑا وہ لوگوں کو خاموش کروانے میں قدرے کامیاب ہو گئے۔ اور شاعر صاحب نے اپنی غزل ختم کر ڈالی۔

ایک اور شاعر کی باری آئی۔ انھوں نے چھوٹتے ہی ژالہ باری شروع کر دی۔ اور لوگوں کو شور مچانے کا موقعہ ہی نہ دیا۔ ان کا کلام واقعی بہت سلجھا ہوا تھا۔

ایک صاحب کلام پڑھنے لگے تو سامعین نے "ترنم سے ترنم سے" کی رٹ لگا دی اور اتنا شور کیا کہ بے چارے شاعر کو کلام ادھورا چھوڑ کر اپنی نشست کا مرہونِ منت ہونا پڑا۔ ایک صاحب تو لوگوں کے شور و غل کے باوجود اپنا کلام پڑھتے رہے اور جب تک ختم نہ کر لیا۔ لاؤڈ سپیکر سے نہ ہٹے۔ معلوم ہوا کہ ایک اخبار کا ایڈیٹر ان کا واقف ہے اور اس نے ان کے کلام کو چھاپنے کا وعدہ کیا ہے۔

ایک بڑی مونچھوں والے حضرت سٹیج پر آدھمکے اور فرمانے لگے۔ "مصرع عرض ہے: اے بھگوان! ....."

"بھگوان نہیں خدا کہو" ایک کونے سے آواز آئی۔ "کوئی

گانا ہی سنادو" ۔ ایک بولا

دوسری طرف سے آواز آئی ۔ "یہ نہیں پنجابی کلام سناؤ" جس کی تائید میں بھانت بھانت کی بولیاں گڈمڈ ہونے لگیں ۔ شاعر کو بھاگتے ہی بنی ۔

دوسرے شاعر کی باری آئی ۔ اس بیچارے کی آواز قدرے دھیمی تھی ۔ لوگوں نے کوئی دلچسپی نہ لی ۔ اور پکارنے لگے "ہم ان کا کلام ہرگز نہیں سنیں گے فلاں شاعر کو بلائیے" ۔ اور منتظم صاحب کو مجبوراً "فلاں شاعر" کو بلانا پڑا ۔ "فلاں شاعر" بھیگی بلی کی طرح اپنا کلام سنانے لگے ۔ فرمایا ؎

دیکھ کر حسن پہ پیدا دمل کا
چاند تاروں کو نہ وال آ جائے

اور ہال "واہ ۔ واہ" سے گونج اٹھا ۔ انھوں نے دوسرا مصرعہ شروع کیا تھا کہ مکرر مکرر کی فلک شگاف آوازیں بلند ہوئیں اور بے چارے کو "چھوڑ دیکھ کر ۔ ۔ ۔ ۔ الخ" کا سہارا لینا پڑا ۔

ایک صاحبہ کو پکارا گیا ۔ ہال سیٹیوں ، تالیوں اور "واہ واہ" سے گونج اٹھا ۔ انھوں نے تحت اللفظ پڑھا ۔ تو ترنم سے پڑھنے کی فرمائش کی گئی ۔ اسی اثنا میں کسی نے بجلی گل کر دی ۔ اور گھپ اندھیرا چھا گیا ۔ لوگوں نے اور زیادہ شور مچانا شروع کر دیا اور ماچیں جلا جلا کر روشنی کرنے کی کوشش کی ۔ تھوڑی دیر کے بعد قمقمے روشن ہو گئے ۔ وہ صاحبہ اپنی جگہ پہ بت بنی کھڑی تھیں ۔ ایک طرف سے "جیو ۔ جیو" کی آواز آئی ۔ غرضیکہ وہ سٹیج میں دھنسی جا رہی تھیں ۔ سٹیج پہ کھڑا رہنا محال ہو گیا وہ سٹیج تو کیا ہال کو ہی چھوڑ کر بھاگ گئیں ۔ مجھے اس قبیح منظر سے نفرت سی ہو گئی ۔ اب میں وہاں سے بھاگنے کے لئے بے قرار تھا ۔ لوگ شاید دھار کھائے بیٹھے تھے ۔ کہ ہلنے کا نام ہی نہ لیتے تھے ۔ میں نے اختر کو بھی اٹھانا چاہا مگر اس نے اتنی جلدی اس "مزے" کو چھوڑنے سے انکار کر دیا تو میں نے اکیلے ہی دارالمحن سے جان بچائی ۔

ہمارے ملک میں بے چارے شعراء عوام کے ہاتھوں میں کٹھ پتلی ہیں عوام شور مچا کر اپنی من مانی کر لیتے ہیں ۔ شعراء کو لوگوں کی خوشنودی حاصل کرنے کیلئے سر تسلیم خم کرنا پڑتا ہے ۔ منتظمین اور صاحب صدر وغیرہ کو بھی اپنی پگڑی اچھلتی ہوئی معلوم ہوتی ہے ۔ میں ایسی سانحہ

(باقی صفحہ ۱ پر)

قاصد ظریف

غزل

جب شرابِ عشق سے مخمور ہو جاتا ہے دل
حاملِ اسرارِ بزمِ طور ہو جاتا ہے دل

آگہی میں رشکِ شیرازیؒ و سعدیؒ و جنیدؒ
بے خودی میں غیرتِ منصور ہو جاتا ہے دل

حسن کو بھی کچھ نہ کچھ محسوس ہوتا ہے ضرور
رازدارِ خاص جب رنجور ہو جاتا ہے دل

یاد آ جاتی ہے جب حسنِ تبسم کی بہار
اس بہارِ رنگ و بو سے دور ہو جاتا ہے دل

شب کی تنہائی میں اکثر کہکشاں کی چھاؤں میں
مختلف جذبات سے معمور ہو جاتا ہے دل

کچھ نہ پوچھ اے ہم نشیں ! وہ عالمِ بیچارگی
اپنی منزل سے کبھی جب دور ہو جاتا ہے دل

یہ وہ نازک آبگینہ ہے کہ اے قاصد جسے
ٹھیس لگ جاتی ہے جب تو چور ہو جاتا ہے دل

محمد ذکریا طاہر

کوہِ مری

کوہ مری کے دلکش نظارے
ہر سو خدا کی قدرت عیاں ہے
پربت کے اوپر آبادیاں ہیں
جس کو بھی دیکھو شاداں و فرحاں
کوہ مری کے روشن سویرے
ہر شے پہ مُہرِ فطرت لگی ہے
ملتا ہے اس جا عیشِ فراواں
قدرت کی دیکھو مہماں نوازی

اللہ اکبر سب سے نیارے
برفوں سے اٹھتے شعلے شرارے
جو کوٹھیاں ہیں جنت نشاں ہیں
القصہ قدرت کی گلکاریاں ہیں
کالی گھٹائیں زلفیں بکھیرے
رنگینیوں کے سائے گھنیرے
ہر اک طرف سے آتے ہیں مہماں
ملتے ہیں سب کو تسکین کے ساماں

کرامت اللہ

میرزا غالب کے کلام میں شوخی و ظرافت

